اسکول میں صحت

دفتر برائے

طلبا کی بہتر صحت کے ذریعے اپنی تعلیمی استعداد تک پہنچنے میں مدد کرنا

ہم کون ہیں

اسکول کا دفتر برائے صحت کا الحاق نیو یارک شہر محکمئہ صحت اور نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم سے ہے۔ ان کے ڈاکٹر، نرسیں اور معاونتی عملہ نیو یارک شہر کے طلبا کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے کام کرتے ہیں۔

ہم کیا کرتے ہیں

- ان طلبا کے لیے طبی نگہداشت فراہم کرتے ہیں جو اسکول میں بیمار ہوتے ہیں یا جن کو بدستور کوئی طبی مسئلہ ہے۔
- ہم وقفہ جاتی طبی جانچ (مثلاً بینائی کی جانچ) اور جسمانی معائنہ کرتے ہیں۔
- کسی بھی نشان دہی کردہ طبی مسئلے کے بارے میں والدین سے بات چیت کرتے ہیں۔
- خاندانوں کو برادری کے طبی نگہداشت فراہم کنندگان کا حوالہ دیتے ہیں۔
- طلبا کو وبا (مثلاً فلو) سے اور دیگر طبی خطرات سے بچانے کے لیے کام کرتے ہیں۔
- طلبا اور والدین کو طبی مسائل اور غذائیت اور جسمانی سرگرمی جیسے تندرست طرز عمل کے بارے میں تعلیم دیتے ہیں۔

اسکول کا دفتر برائے صحت کچھ متخصص خدمات کی پیشکش بھی کرتا ہے بشمول:

- **دمے پر قابو پانا:** دمہ رکھنے والے بچوں کے والدین کے ساتھ کام کرنا تاکہ طالب علم کے لیے درست علاج کے منصوبے کو یقینی بنایا جا سکے۔
- **دماغی صحت کی خدمات:** اسکول میں دماغی صحت کی تربیتوں اور خدمات کی رہنمائی اور معاونت کرتی ہیں۔
- **دندانی صحت کی خدمات:** منتخب اسکول، دندانی جانچ فراہم کرتے ہیں اور یہ دندانی سیلینٹ اور فلورائیڈ وارنش کا کام کرتے ہیں۔
- **تولیدی صحت کی خدمات:** ہائی اسکول کے طلبا کو جنسی صحت کی تعلیم، حمل روکنے طریقے اور حوالے فراہم کرتی ہیں۔
- **بصارتی خدمات:** اہل طلبا کو بصارت پیمائی، آنکھوں کے معائنے اور عینکیں فراہم کرنے کی خدمات فراہم کرتی ہیں۔

ہم سے رابطہ کریں

اگر آپ کے کوئی سوالات یا تشویشات ہیں تو اپنے اسکول کی نرس سے یا اسکول کے ڈاکٹر بات کریں یا یا دفتر برائے اسکول میں صحت سے 347-396-4720 یا OSH@health.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

NYC Health

T&I 24793 (Urdu)